Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · HER LIFE

Birth

ولادت

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

A person's character is closely connected to their family, parents, and society. Parents lay the foundation of a child's character from the very cradle, shaping them within their own spiritual and moral framework before presenting them to society. The greatness of the Prophet of Islam (pbuh) adorned with spiritual superiority, noble character, high resolve, self-sacrifice, and courage is not hidden from any Muslim, nor from any thoughtful and perceptive person. His greatness and eminence are sufficiently affirmed by the declaration of God Almighty: "O Muhammad, you are surely of great moral character." Lady Fatimah's noble mother was a lady named Khadijah, a wealthy woman who was engaged in trade. Many people conducted business on her behalf. When she chose the Prophet of Islam (pbuh) for trade purposes, she could not help but be deeply impressed by his honesty and truthfulness. Consequently, she sent him a proposal of marriage, for Lady Khadijah had heard from certain learned people that he was the Prophet of the Last Age. She was the first woman to respond to the Prophet's call and placed all her wealth at his disposal without any conditions. Aisha relates that the Prophet of Islam (pbuh) would always remember Khadijah with praise. One day I said, "O Messenger of Allah, Khadijah was an elderly woman, whereas Allah has granted you better than her." At this, the Prophet (pbuh) became displeased and said, "By Allah, He has not given me anyone better than her. Khadijah believed in me when others denied me; she affirmed my truth when others rejected me; she placed all her wealth at my disposal when others deprived me; and Allah granted me offspring through her children."

کسی بھی شخصیت کا زیادہ تعلق خاندان، والدین اور معاشرے سے ہوتا ہے۔ والدین اپنی گود سے ہی اولاد کی اساس اور بنیاد تشکیل دیتے ہیں اور اس کو اپنے روحانی اور اخلاقی سانچے میں ڈھال کر معاشرے کے حوالے کرتے ہیں۔پیغمبر اسلامؐ جیسی عظیم الشان شخصیت جو روحانی برتری، اخلاق حسنہ، بلند ہمتی اور فداکاری اور شجاعت جیسے اوصاف سے مزین ہے سے ہر مسلمان بلکہ کسی بھی صاحب دانا وبینا سے پوشیدہ نہیں ہے۔ ان کی عظمت و بزرگی کیلئے یہی کافی ہے کہ خداوند تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے، اے محمد آپ خلق عظیم کے مالک ہیں۔ آپ کی مادر گرامی خدیجہ نامی خاتون تھیں، جو سرمایہ دار عورت تھیں اور تجارت کرتی تھیں، بہت سے لوگ خدیجہ کیلئے تجارت کرتے تھے، جسے انہوں نےپیغمبر اسلامؐ کو تجارت کی غرض سے منتخب کیا، تو انکی ایمانداری اور صداقت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں، لہذا انہیں شادی کاپیغام بھجوایا، کیونکہ حضرت خدیجہ نے بعض دانشمندوں سے سن رکھا تھا کہ یہ آخر الزمان نبی ہیں۔ وہ پہلی خاتون ہیں جنہوں نےپیغمبر اسلامؐ کی دعوت پر لبیک کہا اور اپنی تمام تر دولت بغیر کسی شرائط کے ان کے اختیار میں دے دی، عائشہ کہتی ہیں کہ پیغمبر اسلامؐ ہر وقت خدیجہ کو خوبیوں کے ساتھ یاد کرتے تھے، تو ایک دن میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ خدیجہ ایک بوڑھی عورت تھی، جبکہ خدا نے اس سے بہتر آپ کو عطا کی ہیں، توپیغمبر اسلام غضبناک ہوئے اور فرمایا، خدا کی قسم، اس سے بہتر خدا نے مجھے نہیں دیں، خدیجہ اس وقت مجھ پر ایمان لائیں جب دوسرے انکار کر رہے تھے، اس وقت میری تصدیق کی جب دوسرے مجھے جھٹلا رہے تھے، اور اس وقت اپنی تمام دولت میرے اختیار میں دی جب دوسروں نے مجھے محروم کیا، اور میری نسل کو اس کی اولاد سے قرار دیا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

It is narrated in traditions that whenever Jibraeel (Gabriel) (pbuh) would descend upon the Prophet of Islam (pbuh), he would say: “Convey my greetings from the Divine Presence to Khadijah, and tell her that Allah, the Blessed and Exalted, has prepared for her a beautiful palace in Paradise.” One day Jibraeel (pbuh) descended and said: “Allah, the Blessed and Exalted, has sent His greetings and has commanded that you separate yourself from Khadijah for forty days and forty nights, engaging yourself in worship and night prayers.” In obedience to the command of the Wise Lord, the Prophet of Islam (pbuh) did not go to Khadijah’s house for forty days. During this period, the Prophet (pbuh) spent his nights in prayer and worship and fasted during the days. When the forty days were completed, an angel came and presented food brought from Paradise, saying: “Tonight, partake of this heavenly food.” The Messenger of Allah (pbuh) broke his fast with that same heavenly and spiritual nourishment. As soon as the Prophet (pbuh) rose for prayer, Jibraeel (pbuh) came again and said: “O Messenger of Allah, tonight leave the recommended prayers and go to the house of Khadijah, for Allah has willed that from your loins a pure and blessed offspring be brought into existence.” Imam Ja‘far al-Sadiq (pbuh) relates that from the time Khadijah (pbuh) married the Messenger of Allah (pbuh), the women of Makkah cut off relations with her and stopped visiting her home. This caused her great sorrow. However, when she became pregnant with Lady Fatimah (pbuh), she was relieved of the pain of loneliness, became attached to the child in her womb, and would converse with her. Jibraeel came to give glad tidings to the Prophet of Islam (pbuh) and Lady Khadijah (pbuh) and said: “O Messenger of Allah, in Khadijah’s womb is a daughter through whom your lineage will continue. She will be the mother of the leaders of religion and the Imams who will be your successors after the cessation of revelation.” When the Prophet (pbuh) conveyed this message of the Lord of the worlds to Khadijah (pbuh), she was filled with great joy. Yes indeed, the Lord of the worlds had willed it so that the pure and blessed lineage of the Prophet would continue only through Fatimah (pbuh), and that this pure womb would nurture this noble and honored tree. The true descendants of the Prophet are the children of Fatimah, and the Prophet’s special love and attention toward them is the clearest proof of this.

روایات میں ہے، کہ جب جبرئیل پیغمبر اسلامؐ پر نازل ہوتے تو عرض کرتے کہ بارگاہ ایزدی سے خدیجہ کو سلام پہنچادیں اور انہیں کہیں خداوند تبارک و تعالیٰ نے بہشت میں ان کے لئے ایک خوبصورت محل تعمیر کیا ہے۔ ایک روز جبرئیل نازل ہوئے اور عرض کیا کہ خداوند تبارک و تعالیٰ نے سلام بھیجا ہے اور فرمایا ہے کہ چالیس دن اور چالیس راتیں خدیجہ سے الگ ہو کر عبادت اور تہجد میں مشغول رہیں اور پھر پیغمبر اسلامؐ خداوند حکیم کے حکم کے مطابق چالیس دن تک خدیجہ کے گھر نہیں گئے، اس عرصے میں پیغمبر اسلامؐ راتوں کو نماز اور عبادت میں مصروف ہوتے اور دن میں روزے رکھتے۔ جیسے ہی چالیس دن پورے ہوئے فرشتہ آیا اور جنت سے لائی ہوئی غذا پیش کرتے ہوئے عرض کی آج رات اس بہشتی غذا سے تناول فرمانا، رسول خدا نے ان ہی جنتی اور روحانی غذاؤں سے روزہ افطار کیا، جیسے ہی پیغمبر اسلامؐ نماز کیلئے اٹھے، جبرئیل آئے اور عرض کی، کہ اے رسول خدا آج رات مستحبی نمازوں کو چھوڑ کر حضرت خدیجہ کے گھر جائیں، کیونکہ خدا نے ارادہ کیا ہے کہ آپ کی صلب سے ایک پاکیزہ اولاد پیدا کرے۔ امام جعفر صادق فرماتے ہیں جب سے خدیجہ نے رسول خدا سے عقد کیا، مکہ کی عورتوں نے آپ سے قطع تعلق کر لیا تھا اور آپ کے گھر آنا جانا بند کر دیا تھا،

Free to read, copy and share

وہ اس وجہ سے غمگین رہتی تھیں، لیکن جیسے ہی حضرت فاطمہ سے حاملہ ہوئیں تو تنہائی کے غم سے نجات پا گئیں اور اپنے شکم میں موجود بچے سے مانوس ہو گئیں اور اس سے باتیں کرتی رہتیں۔ جبرئیل پیغمبر اسلامؐ اور حضرت خدیجہ کو خوشخبری سنانے کیلئے آئے اور کہا کہ اے پیغمبر اسلامؐ خدیجہ کے رحم میں ایک ایسی بیٹی ہے جس سے تیری نسل چلے گی، وہ دین کے پیشواؤں اور اماموں کی ماں ہوگی جو وحی کے منقطع ہوجانے کے بعد تیرے جانشین ہوں گے، جیسے ہی پیغمبر اسلامؐ نے پروردگار جہاں کا پیام خدیجہ کو پہنچایا تو وہ بہت خوش ہوئیں۔ جی ہاں! پروردگار جہاں نے کچھ اس طرح کا ارادہ کر رکھا تھا کہ پاک و پاکیزہ نسل نبوی فقط فاطمہ سے ہی چلے اور یہ پاکیزہ زمین اس شرف و عزت والے درخت کو اپنے دامن میں پروان چڑھائے، نسل پیغمبر ہی اولاد فاطمہ ہیں اور پیغمبر کی ان پر خصوصی توجہ اس کی بہترین دلیل ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/birth-3656 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.